20واں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

صوبائی اسمبلی پنجاب

بروز منگل 21 جنوری 2025

فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

بابت

محکمہ سماجی بہبود و بیت المال

ٹوبہ ٹیک سنگھ کے سوشل ویلفیئر کے دفاتر میں تعینات سٹاف سے متعلق تفصیلات

*157: جناب امجد علی جاوید: کیاوزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے سوشل ویلفیئر کے دفاتر میں کل کتنی آسامیاں ہیں اور کتنی خالی کب سے خالی ہیں؟

(ب)سوشل ویلفیئر کے دفاتر میں عملہ کی مکمل تفصیل سکیل کے ساتھ آگاہ فرمائیں۔

(ج)سوشل ویلفیئر ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کام کرنے والے افسران کب سے سوشل ویلفیئر ٹوبہ ٹیک سنگھ میں تعینات ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(تاریخ وصولی 16 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 19 اپریل 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کل 100 اسامیاں ہیں اور اس وقت 33 اسامیاں خالی ہیں۔ تفصیل تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) محکمہ سوشل ویلفیئر کے ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کل 11 دفاتر ہیں۔ جسکی تفصیل بمعہ عملہ تتمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) تفصیل تتمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 8 مئی 2024)

ٹوبہ ٹیک سنگھ میں لنگر خانے اور پناہ گاہوں سے متعلق تفصیلات

*165: جناب امجد علی جاوید: کیاوزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گزشتہ دور حکومت میں پنجاب بھر میں لنگر خانے اور پناہ گاہیں قائم کی گئیں؟

(ب) اگر جواب درست ہے تو بتایا جائے کہ کیا یہ لنگر خانے اور پناہ گاہیں ابھی تک موجود ہیں۔

(ج) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں یہ لنگر خانے اور پناہ گاہیں کہاں کہاں قائم کی گئیں اور ان پر کتنے اخراجات ہوئے یہ کس مد سے ادا کئے گئے۔

(د) ٹوبہ ٹیک سنگھ میں قائم لنگر خانوں اور پناہ گاہوں کے لئے قائم کئے گئے سٹرکچر یا بلڈنگز ابھی تک موجود ہیں اگر نہیں تو ان کا کیا سٹیٹس ہے تفصیلات سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 16 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 19 اپریل 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) جی ہاں یہ درست ہے کہ محکمہ سماجی بہبود نے صوبے بھر میں 15 پناہ گاہیں قائم کی گئی تھیں۔ جبکہ کوئی بھی لنگر خانہ محکمہ نے قائم نہ کیا ہے۔

(ب) محکمہ سماجی بہبود نے جو پناہ گاہیں قائم کی تھی وہ ابھی تک کام کر رہی ہیں۔

(ج) محکمہ نے کوئی بھی پناہ گاہ یا لنگر خانہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں قائم نہ کیا ہے۔

(د) چونکہ محکمہ نے کوئی بھی پناہ گاہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں قائم نہ کی ہے۔ لہذا ان کے سٹرکچر یا بلڈنگز کے بارے میں تفصیلات فراہم کرنا ممکن نہ ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 8 مئی 2024)

سابقہ حکومت کے دور میں پناہ گاہیں اور لنگر خانے قائم کرنے سے متعلق تفصیلات

*173: محترمہ حناء پرویز بٹ: کیا وزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے سابقہ حکومت نے صوبہ بھر میں پناہ گاہیں اور لنگر خانے قائم کئے تھے؟

(ب) کیا یہ پناہ گاہیں اور لنگر خانے پنجاب حکومت نے اپنے وسائل سے قائم کئے تھے یا کسی نجی تنظیم کی مدد سے چلائے جا رہے تھے۔

(ج)ان پناہ گاہوں اور لنگر خانوں پر پنجاب حکومت کے کتنے پیسے خرچ ہوئے ان کے لئے کتنے افراد بھرتی کئے گئے تھے ان کی تنخواہوں اور مراعات کی مکمل تفصیلات سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 16 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 22 اپریل 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) جی ہاں یہ درست ہے کہ محکمہ سماجی بہبود نے صوبے بھر میں 15 پناہ گاہیں قائم کی گئی تھیں۔ جبکہ کوئی بھی لنگر خانہ محکمہ نے قائم نہ کیا ہے۔

(ب) محکمہ سوشل ویلفیئر نے ضلع ڈی جی خان، بہاولپور، راولپنڈی، سرگودھا، پاکپتن، ملتان، تونسہ شریف اور لاہور میں ترقیاتی بجٹ سے پناہ گاہیں بنائیں ہیں۔ جبکہ ان پناہ گاہوں میں کھانا مخیر حضرات کے تعاون سے فراہم کیا جارہا ہے۔

(ج) ڈی جی خان میں ایک پناہ گاہ کے لئے 151.141 ملین، بہاولپور میں 80.219 ملین، راولپنڈی میں 87.160 ملین، سرگودھا میں 100.119 ملین، پاکپتن میں 49.8 ملین، ملتان میں 97.7 ملین، تونسہ شریف میں 80.34 ملین اور لاہور میں 13 پناہ گاہوں کے لئے 523.282 ملین خرچ ہوئے۔ لاہور کی 13 پناہ گاہوں کے لئے 59 افراد بھرتی کئے گئے۔ جو بی پی ایس 1 سے بی پی ایس 16 میں تھے۔ پناہ گاہ تونسہ شریف، ڈی جی خان میں بی پی ایس 1 سے 11 تک 8 افراد بھرتی کئے گئے۔ جبکہ باقی پناہ گاہوں کے لئے بھرتی کا عمل جاری ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 8 مئی 2024)

صوبہ بھر میں دارالامان کی تعداد اوران میں تعینات عملہ سے متعلق تفصیلات

*303: محترمہ حناء پرویز بٹ: کیاوزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) صوبہ بھر میں اس وقت بے گھر ولاچار خواتین کی بہبود کے لئے کتنے دارالامان ہیں اور یہ کہاں کہاں ہیں؟

(ب)صوبہ بھر کے دارالامانوں میں موجود خواتین اور بچوں کی تعداد کیا ہے علیٰحدہ علیٰحدہ تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(ج)ان اداروں میں تعینات عملہ کے نام، عہدہ و تاریخ تعیناتی سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 29 مارچ 2024 تاریخ ترسیل 3 مئی 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف)صوبہ بھر میں کل 36 دارالامان کام کر رہے ہیں۔ جو ہر ضلعی ہیڈ کوارٹرز میں قائم ہیں۔

(ب)صوبہ بھر کے دارالامانوں میں موجود اس وقت مورخہ 20 مئی 2024 تک 387 خواتین اور 119 بچے موجود ہیں۔

(ج)ان اداروں میں تعینات عملہ کے نام، عہدہ و تاریخ تعیناتی کی تفصیل (Annex-I) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 4 جون 2024)

ٹوبہ ٹیک سنگھ میں سماجی بہبود کے دفاتر اور ملازمین سے متعلق تفصیلات

*439: محترمہ آشفہ ریاض: کیا وزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں محکمہ سماجی بہبود کے کتنے دفاتر اور ملازمین تعینات ہیں؟

(ب) یہ محکمہ اس ضلع میں کیا کیا فرائض سرانجام دے رہا ہے۔

(ج) تحصیل کمالیہ اور پیر محل میں کتنے ادارے کہاں کہاں اس محکمہ کے تحت چل رہے ہیں۔

(د)ان اداروں میں کون کون سے شعبوں میں خواتین کو تعلیم دی جا رہی ہے۔

(ہ) کیا حکومت اس علاقہ کے دیہی علاقہ جات میں جہاں غربت بہت زیادہ ہے اور خواتین کے لیے روزگار نہ ہے اور ہنر سیکھنے کے مواقع جات بھی محدود ہیں مزید ادارے قائم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 23اپریل2024 تاریخ ترسیل 17 مئی2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں سماجی بہبود کے 12 دفاتر قائم ہیں اور ان دفاتر اور اداروں میں ستاسٹھ (67) ملازمین تعینات ہیں۔

(ب)1۔رضاکار فلاحی تنظیموں کی رجسٹریشن اور ان کی رہنمائی و نگرانی اور سرگرمیوں کا جائزہ لینا۔

2۔ڈسٹرکٹ بیت المال کمیٹی اور رفاحی ادارہ جات کے تعاون سے سوسائٹی کے پسے ہوئے اور محروم طبقات کی بحالی۔

3۔ناگہانی آفات اور قومی ایمرجنسی کے حالات میں ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کر ریلیف کا کام سرانجام دینا۔

4۔معذور افراد کی رجسٹریشن اور بحالی۔

5۔خواتین کو دستکاری ہنر، کٹائی، سلائی، نیٹنگ، بیوٹیشن، فلاور میکننگ اور ککنگ کی تربیت فراہم کرنا۔

6۔دارالامان میں مقیم خواتین کا تحفظ اور ان کی بحالی۔

7۔اولڈ ایج ہوم میں مقیم سنیئر سیٹیزنز کو تمام سہولیات مہیا کرنا ان کی دیکھ بھال۔

8۔ہیلتھ ویلفیئر کمیٹیز کے ذریعے ہسپتالوں میں مستحق مریضوں کو ادویات کی فراہمی۔

(ج) تحصیل کمالیہ اور پیر محل میں ایک ایک دفتر قائم ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

1۔ سوشل ویلفیئر افیسر کمیونٹی ڈویلپمنٹ علی ٹاؤن نزد اے سی آفس تحصیل کمالیہ

2۔ سوشل ویلفیئر افیسر کمیونٹی ڈویلپمنٹ ٹی ایچ کیو ہسپتال تحصیل پیر محل

(د) دستکاری ہنر، کٹائی، سلائی، نیٹنگ، بیوٹیشن، فلاور میکننگ اور ککنگ وغیرہ

(ہ) ہاں۔ تاہم اس کا انحصار محکمہ منصوبہ بندی وترقیات کی جانب سے منظوری سے مشروط ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 26 جون 2024)

صوبہ کے دارالامان میں رہنے والی خواتین اوراس سے متعلق دیگر تفصیلات

*533: محترمہ نیلم جبار چوہدری: کیاوزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیایہ درست ہے کہ دارالامان میں بے کس، لاچاراور بے سہاراخواتین آتی ہیں۔

(ب) کیایہ بھی درست ہے کہ ان خواتین کو دارالامان میں مختلف ہنر سکھائے جاتے ہیں؟

(ج) کیایہ بھی درست ہے کہ دارالامان میں رہنے والی خواتین روزگار کے لیے دارالامان سے باہر جاکر کام کر سکتی ہیں۔

(د) دارالامان میں خواتین کتنے عرصے تک قیام کر سکتی ہیں۔

(ہ) درج بالا جز (ج) کا جواب اثبات میں ہے تو کیا محکمہ دارالامان کو ہاسٹل کی طرح استعمال کرتا ہے تو کیا ان کام کرنے والی خواتین سے اس کا معاوضہ وصول کیا جاتا ہے تو اس کی تفصیلات سے آگاہ فرمائیں؟

(تاریخ وصولی 26 اپریل 2024 تاریخ ترسیل 30 مئی 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) یہ بات درست نہ ہے کہ دارالامان میں بے کس لاچار اور بے سہاراخواتین آتی ہیں۔ بلکہ دارالامان میں گھریلو مسائل کی شکار خواتین کو پناہ دی جاتی ہے۔ ان کے داخلے کا طریقہ کار درج ذیل ہے:-

1۔ کسی بھی مشکل میں مبتلا خاتون جو عدالت کے ذریعے یا کسی سماجی تنظیم کے ذریعے یا خود اپنی مرضی سے دارالامان میں داخل ہونے کی اہل ہے۔

2۔ کوئی بھی عورت جو کسی بھی قسم کی جسمانی، نفسیاتی اور جنسی تشدد کا شکار ہو یا اُس کی زندگی کو خطرہ ہو تو وہ دارالامان میں اپنی مرضی کی بناء پر داخل ہو سکتی ہے۔

3۔ دارالامان میں پناہ لینے والی خواتین اپنے بچوں کو اپنے ساتھ رکھنے کی اہل ہیں۔

(ب) جی ہاں! ان خواتین کو دارالامان میں مختلف ہنر سکھائے جاتے ہیں۔ جس میں سلائی کڑھائی وغیرہ شامل ہیں۔

(ج) دارالامان کی گائیڈ لائنز کے مطابق خواتین دارالامان میں قیام کے دوران اس کی حدود سے باہر روزگار کے لئے نہیں جا سکتی ہیں۔ تاہم محکمہ نے حال ہی میں فیصل آباد میں ایسی خواتین جو دارالامان سے روانگی کے بعد مکمل بحالی کے لئے رہنا چاہیں اُن کے لئے ایک Transitional Home قائم کیا ہے۔ جہاں خواتین کو ہنر سکھائے جاتے ہیں اور روزگار سے متعلق آگاہی دی جاتی ہے۔

(د) 1۔ جو خواتین عدالت کے ذریعے دارالامان میں بھیجی جاتی ہیں وہ تب تک دارالامان میں قیام کر سکتی ہیں جب تک اُن کا مسئلہ حل نہ ہو جائے یا متعلقہ عدالت اُس خاتون کو جانے کی اجازت نہ دے۔

2۔ جو خواتین کسی اور ذریعے سے یا براہ راست دارالامان میں آتی ہیں وہ تین ماہ تک ادارہ میں قیام کر سکتی ہیں۔ تاہم متعلقہ ایڈوائزری کمیٹی اور ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر کی منظوری کے بعد قیام کی مدت میں توسیع ہو سکتی ہے۔

(ہ) محکمہ دارالامان کو نہ ہی ہوسٹل کے طور پر استعمال کرتا ہے اور نہ ہی خواتین سے قیام کرنے کا کوئی معاوضہ وصول کیا جاتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 7 اگست 2024)

ملتان وخانیوال میں سماجی بہبود کے دفاتر و فرائض اوراسامیوں سے متعلق تفصیلات

*1041: جناب محمد ندیم قریشی: کیاوزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع ملتان اور ضلع خانیوال میں محکمہ سماجی بہبود کے کہاں کہاں دفاتر ہیں اور یہ دفاتر کیا کیا فرائض سرانجام دے رہے ہیں؟

(ب)ان دفاتر کے سال 23-2022اور24-2023 کے اخراجات کی تفصیل دی جائے۔

(ج)ان میں کتنے ملازمین کام کررہے ہیں ان کے نام، عہدہ، گریڈ مع تعلیم سے آگاہ فرمائیں۔

(د)ان دفاتر میں کون کون سی اسامیاں کب سے خالی پڑی ہوئی ہیں اوران کو پرنہ کرنے کی وجوہات سے آگاہ فرمائیں۔

(ہ)ان دفاتر کے پاس کون کون سی گاڑیاں کس کس ماڈل کی ہیں یہ کب کی خرید کردہ ہیں۔

(و)ان کے بجلی، پانی، گیس وغیرہ کے اخراجات کی تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 29 مئی 2024 تاریخ ترسیل 5 ستمبر 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) ضلع ملتان میں کل (21) دفاتر اور ادارہ جات ہیں۔ جبکہ ضلع خانیوال میں کل (12) دفاتر اور ادارہ جات ہیں۔ جن کی تفصیل تتمہ (الف) اور تتمہ (الف۔I) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)ان دفاتر کے سال 23-2022اور24-2023 کے اخراجات کی تفصیل تتمہ (ب) اور تتمہ (ب۔I) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)ان دفاتر کے ملازمین کی تفصیل تتمہ (ج) اور تتمہ (ج۔I) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د)اسامیوں کی تفصیل تتمہ (د) اور تتمہ (د۔I) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔۔چونکہ حکومت کی طرف سے فی الحال بھرتی پرپابندی ہے۔ جسکی وجہ سے بھرتی نہ کی گئی ہے۔

(ہ) گاڑیوں کی تفصیل تتمہ (ہ) اور تتمہ (ہ۔I) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(و) بجلی، پانی، گیس وغیرہ کے اخراجات کی تفصیل تتمہ (و) اور تتمہ (ہ۔I) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25 اکتوبر 2024)

اقلیتوں کو مالی امداد دیئے جانے سے متعلق تفصیلات

* 1371: جناب فیلبوس کرسٹوفر: کیا وزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) غریبوں، بیماروں، بیواؤں کے لیے مالی امداد کی مد میں جو فنڈز رکھا جاتا ہے۔ اس میں اقلیتوں کے لیے بھی فنڈ رکھا جاتا ہے یا نہیں؟

(ب) 23-2022 میں اقلیتوں کو کتنی مالی امداد دی گئی جن لوگوں کو مالی امداد دی گئی اُن کے ناموں کی تفصیل پیش کی جائے۔

(ج) اقلیتوں کا امداد لینے کے لیے کیا طریق کار کی وضاحت بیان فرمائی جائے۔

(تاریخ وصولی 26 جون 2024 تاریخ ترسیل 13 اگست 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) اقلیتوں کے لیئے علیحدہ فنڈ مختص نہیں کیا جاتا جب کہ وہ مالی اِمداد سے بلا تفریق استفادہ حاصل کرسکتے ہیں۔

(ب) تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) تمام درخواستیں آن لائن موصول کی جاتی ہیں سائل پنجاب بیت المال کی ایپ سٹور پر جا کر بی ایم سروسز پر موجود ایپلکیشن کے ذریعے یا پنجاب بیت المال کی ویب سائٹ bm.punjab.gov.pk کے ذریعے اپنی درخواست جمع کروا سکتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 3 اکتوبر 2024)

راجن پور: ضلع بھر میں محکمہ سماجی بہبود و بیت المال کے دفاتر اور جنسی تشدد کا شکار بچوں کی بحالی سے متعلق تفصیلات

*1413: محترمہ شازیہ عابد: کیا وزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع راجن پور میں محکمہ سماجی بہبود و بیت المال کے زیر کنٹرول کتنے ادارے کام کر رہے ہیں؟

(ب) محکمہ سماجی بہبود جنسی تشدد کا شکار بچوں کی بحالی کے لیے کیا اقدامات اٹھا رہا ہے۔

(ج) بے گھر اور لاوارث افراد کے لیے راجن پور میں کوئی ادارہ کام کر رہا ہے تو اس کی تفصیلات سے آگاہ کیا جائے۔

(تاریخ وصولی 29 جون 2024 تاریخ ترسیل 13 اگست 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) **تفصیل دفاتر**

1۔ ڈپٹی ڈائریکٹر، سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال، راجن پور۔

2۔ ڈسٹرکٹ بیت المال کمیٹی راجن پور۔

3۔ ڈسٹرکٹ انڈسٹریل ہوم (صنعت زار)، راجن پور۔

4۔ منی صنعت زار جام پور۔

5۔ شیلٹر ہوم (دارالامان)، راجن پور۔

6۔ کمیونٹی ڈویلپمنٹ پراجیکٹ راجن پور۔

7۔ کمیونٹی ڈویلپمنٹ پراجیکٹ جام پور۔

8۔ کمیونٹی ڈویلپمنٹ پراجیکٹ روجھان۔

9۔ میڈیکل سوشل سروسز یونٹ، ڈسٹرکٹ، ہیڈکوارٹر ہسپتال، راجن پور۔

10۔ میڈیکل سوشل سروسز یونٹ، ڈسٹرکٹ، تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال، جام پور۔

(ب) محکمہ سماجی بہبود جنسی تشدد کے شکار بچوں کے کیسز کو چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو، راجن پور کو ریفر کرتا ہے۔

(ج) بے گھر اور لاوارث افراد کے لئے راجن پور میں کوئی ادارہ کام نہیں کر رہا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 3 اکتوبر 2024)

راجن پور ضلع بھر میں محکمہ سماجی بہبود کے اداروں کی تعداد و ملازمین سے متعلق تفصیلات

*1414: محترمہ شازیہ عابد: **کیا وزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-**

(الف) ضلع راجن پور میں سماجی بہبود کے زیر کنٹرول خواتین و حضرات کے کتنے ادارے کام کر رہے ہیں ہر ادارے میں خواتین و حضرات کی ترقی کے لیے کیا اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں مکمل تفصیل سے آگاہ کریں؟

(ب) ضلع راجن پور میں سماجی بہبود کا انچارج کون اور کتنے عرصہ سے تعینات ہے اس کے ماتحت کتنے ملازمین ہیں ان کے گریڈ وائز مع عرصہ تعیناتی کی تفصیل بتائیں۔

(ج) حکومت نے سماجی بہبود ضلع راجن پور کو سال 23۔2022 اور 24-2023 میں کتنا بجٹ فراہم کیا اور کتنے اخراجات آئے۔

(د) حکومت اس ضلع میں خواتین کی بہتری کے لئے مزید کیا اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک نہیں تو وجوہات سے آگاہ کریں۔

(تاریخ وصولی 29 جون 2024 تاریخ ترسیل 13 اگست 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) جس کی تفصیل یہ ہے:

نمبر شمار	نام دفاتر	تعداد مستفید کنندگان
1	ڈسٹرکٹ انڈسٹریل ہوم (صنعت زار)، راجن پور	342
2	منی صنعت زار، جام پور	311
3	شیلٹر ہوم (دارالامان)، راجن پور	350

صنعت زار / منی صنعت زار

خواتین کو معاشی طور پر بہتر کرنے کے لئے سلائی، کڑھائی، کمپیوٹر، بیوٹیشن اور مختلف ہنر کی تربیت دی جاتی ہے، مارکیٹ میں روابط کرائے جاتے ہیں آرڈر ورک کے ذریعے ان کے روزگار کو بڑھایا جاتا ہے۔

دارالامان

خواتین کو مکمل تحفظ دیا جاتا ہے ان کو اچھی خوراک، ادویات اور قانونی مدد مہیا کی جاتی ہے۔ دینی تعلیم اور ہنر بھی سکھایا جاتا ہے۔ خواتین کے ساتھ موجود بچوں کی خوراک اور ابتدائی تعلیم بھی مہیا کی جاتی ہے، دارالامان میں مقیم خواتین کو نفسیاتی امداد مہیا کی جاتی ہے۔

(ب) آفیسرز اور سٹاف کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)

سال	کل بجٹ موصولہ	کل خرچ شدہ بجٹ۔
2023-24	دفتر وائز تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے	
2023-24	دفتر وائز تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔	

(د) ضلع راجن پور میں حکومت اِس وقت ورکنگ وومن ہاسٹل بنانے کا ارادہ رکھتی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 3 اکتوبر 2024)

محکمہ سماجی بہبود کے ضلع قصور میں دفاتر اور کارکردگی سے متعلق تفصیلات

*1592: جناب محمد نعیم صفدر: کیا وزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) محکمہ سماجی بہبود کے ضلع قصور میں کتنے اور کون کون سے ادارے کہاں کہاں ہیں؟

(ب) خواتین کو ہنر و تعلیم کے حصول کے کتنے ادارے اس ضلع میں کہاں کہاں چل رہے ہیں ان میں کتنے سرکاری اور کتنے این جی اوز کے تحت چل رہے ہیں۔

(ج) اس ضلع میں کتنی پناہ گاہ، آشیانہ اور دیگر ادارے ہیں۔

(د) اس ضلع میں محکمہ ہذا نے پچھلے پانچ سالوں میں کون کون سے عوامی فلاح کے منصوبے کس کس جگہ قائم کیے ہیں۔

(ہ) اس محکمہ کی ضلع قصور میں پچھلے پانچ سالوں کی کارکردگی کی رپورٹ پیش کی جائے۔

(تاریخ وصولی 12 اگست 2024 تاریخ ترسیل یکم اکتوبر 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) محکمہ ہذا کے ضلع قصور میں کل 6 ادارے ہیں، جو بالتصریح درج ذیل واقع ہیں:-

1 صنعت زار قصور واقع بیرون کوٹ رکن دین خاں قصور

2 دارالامان قصور واقع آفیسر کالونی قصور

3 ادارہ برائے بحالی اسیران (ایس ای آر سی جیل پراجیکٹ) ڈسٹرکٹ جیل قصور

4 میڈیکل سوشل سروسز یونٹس بابا بلھے شاہ ہاسپٹل قصور

5 میڈیکل سوشل سروسز یونٹ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال چونیاں

6 میڈیکل سوشل سروسز یونٹ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوٹ رادھا کشن

(ب) اس ضلع میں خواتین کو ہنر و تعلیم کی فراہمی کے کل 07 ادارے چل رہے ہیں۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1 صنعت زار بیرون کوٹ رکن دین خاں قصور (زیر اہتمام حکومت پنجاب)

2 اتحاد فاونڈیشن دہنپت روڈ قصور سلائی سکول

3 الفاطمہ ویلفیئر فاونڈیشن نزمل کے چونیاں سلائی سکول

4 عوامی رفاعی کمیٹی گہلن ہٹھاڑ چونیاں سلائی سکول

5 عوامی ثقافتی انجمن کچہری روڈ چونیاں سلائی سکول

6 انجمن فلاح عامہ چک نمبر 11 سہجووال پتوکی سلائی سنٹر

7 انجمن فلاح و بہبود بھمبہ خودر کوٹ رادھا کشن سلائی سنٹر

(ج) اس ضلع میں کوئی پناہ گاہ یا آشیانہ جیسا ادارہ نہ ہے

(د) گزشتہ پانچ سال میں سرکاری سطح پر ضلع ہذا میں کوئی نیا ادارہ قائم نہ کیا گیا ہے

(ہ) محکمہ ہذا کی گزشتہ پانچ سالہ رپورٹ ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25 اکتوبر 2024)

راولپنڈی محکمہ سماجی بہبود کے دفاتر و ملازمین کی تعداد سے متعلق تفصیلات

*1623: جناب اسد عباس: کیا وزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) راولپنڈی میں محکمہ کے کتنے دفاتر کہاں کہاں ہیں؟

(ب) اس ضلع کی حدود میں کتنے ملازمین کس کس جگہ فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

(ج)اس ضلع کی حدود میں محکمہ کے کتنے ادارے کس کس جگہ کس کس نام سے کام کر رہے ہیں۔
(د) کتنے اداروں میں خواتین کو کس کس ہنر کی تعلیم دی جارہی ہے۔
(ہ) کتنی پناہ گاہیں اور کہاں کہاں پر ہیں اور یہ کس کس کے لئے مختص کردہ ہیں ان کے اخراجات کی تفصیل دی جائے۔

(تاریخ وصولی 22 اگست 2024 تاریخ ترسیل 30 ستمبر 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) ضلع راولپنڈی میں محکمہ سماجی بہبود کے کل 29 دفاتر ہیں جن کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ضلع راولپنڈی میں محکمہ سماجی بہبود کے (158) ملازمین ہیں۔ جن کی تفصیل مع دفاتر ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) ضلع راولپنڈی میں محکمہ سماجی بہبود کے 9 ادارہ جات خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ جن کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) ضلع راولپنڈی میں محکمہ سماجی بہبود کے دو (2) ادارے صنعت زار اور سلائی مرکز کے نام سے خواتین کو دستکاری کے متعلقہ مختلف ہنر سکھا رہے ہیں۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ صنعت زار، کمپیوٹر ایپلیکیشن، کمپیوٹر گرافکس، سلائی کڑھائی، فیشن ڈیزائن، خطاطی اور پینٹنگ، فائن آرٹس ہاتھ اور مشین کی ایمبرائڈری وغیرہ۔

2۔ سلائی مرکز، کمپیوٹر ایپلیکیشن، بیوٹیشن، سلائی کڑھائی، فائن آرٹس جم وغیرہ۔

(ہ) محکمہ ہذا کے تحت راولپنڈی میں صرف ایک پناہ گاہ تعمیر کی گی ہے۔جو کہ راولپنڈی انسٹیٹیوٹ آف یورالوجی مری روڈ راولپنڈی پر واقع ہے۔اس بلڈنگ کی تعمیر پر 53.703 ملین اخراجات آئے۔چونکہ ابھی تک سروسز شروع نہیں کی گئی اس لئے کوئی بجٹ خرچ نہ ہوا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25 اکتوبر 2024)

راجن پور ضلع بھر میں خواتین کے لیے دستکاری سکولز کی تعداد اور دستکاری وہنر مندی کی تعلیم سے متعلق تفصیلات

*2091: سردار محمد اویس دریشک: کیا وزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع راجن پور میں خواتین کے لیے کل کتنے دستکاری سکول کہاں کہاں پر ہیں اور ان میں خواتین کو کس کس دستکاری وہنر مندی کی تعلیم دی جاتی ہے؟

(ب) گزشتہ 5 سالوں میں ان سکولوں میں کتنی خواتین کو تعلیم یا ہنر سکھایا گیا اور کون کون سا سال وائز تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(ج) کیا حکومت خواتین کی ترقی و بہبود کے لیے ضلع راجن پور میں مزید اس طرز کے سکول یا کوئی ادارہ قائم کرنا چاہتی ہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 21 اکتوبر 2024 تاریخ ترسیل 20 نومبر 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) ضلع راجن پور میں کل دو دستکاری سکول ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

ا۔ صنعت زار، راجن پور، ۲۔ منی صنعت زار، تحصیل جام پور، ضلع راجن پور اور ان دستکاری سکولوں میں خواتین کو درج ذیل ہنر کی تعلیم دی جاتی ہے:

ا۔ سلائی کڑھائی، ۲۔ بیوٹی پارلر (بیوٹیشن)، ۳۔ کمپیوٹر کورس، ۴۔ ہینڈی کرافٹ (دستکاری)، ۵۔ فیشن ڈیزائننگ، ٦۔ ڈریس میکنگ، ۷۔ کوکنگ۔

(ب) گزشتہ پانچ سالوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

صنعت زار راجن پور

نمبر شمار	شعبہ کا نام	2020	2021	2022	2023	2024	کل تعداد
1	سلائی کڑھائی	0	0	0	40	70	110
2	کمپیوٹر کورس	42	50	57	74	82	305
3	بیوٹیشن	54	57	60	47	136	354
4	ہینڈی کرافٹ	40	45	45	17	56	203
5	ڈریس میکنگ	89	106	84	31	41	351
6	کوکنگ	0	25	0	0	0	25
	کل تعداد	225	283	246	209	385	1348

منی صنعت زار، تحصیل جام پور، ضلع راجن پور

نمبر شمار	شعبہ کا نام	2020	2021	2022	2023	2024	کل تعداد
1	سلائی کڑھائی	40	44	53	52	36	225
2	فیشن ڈیزائننگ	0	33	61	48	34	170
3	بیوٹیشن	35	80	66	47	40	268
4	کمپیوٹر کورس	0	0	0	66	85	151
5	ہینڈی کرافٹ	37	0	0	0	0	37
	کل تعداد	112	157	180	213	195	837

(ج) ضلعی سطح پر فی الحال مزید ادارے بنانے کی کوئی پالیسی نہ ہے۔

(تاریخ وصولی جواب10 دسمبر2024)

راجن پور ضلع بھر میں سماجی بہبود کی تنظیموں کی تعداد اورانکے فنڈز سے متعلق تفصیلات

*2092: سردار محمد اویس دریشک: کیاوزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع راجن پور میں سماجی بہبود کی تنظیموں کی کل تعداد کتنی ہے اوران میں کتنی رجسٹرڈ ہیں؟

(ب) محکمہ کاان تنظیموں کوچیک کرنے کا کیاطریق کارہے اوران کے فنڈز کہاں کہاں سے آتے ہیں اور کہاں خرچ ہوتے ہیں ان کوچیک کرنے کاطریق کار تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 21اکتوبر2024 تاریخ ترسیل20نومبر2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) ضلع راجن پور میں سماجی بہبود کی تنظیموں کی کل تعداد 58 ہے اور رجسٹرڈ تنظیموں کی تعداد بھی 58ہے۔

(ب) اسسٹنٹ ڈائریکٹر اور سپر وائزر کے ذریعے ان تنظیموں کا ریکارڈ اور کارکردگی کو چیک کیا جاتا ہے ان کی فنڈنگ اپنی مدد آپ کے تحت ہوتی ہے اور تنظیمیں اپنے آئین کے اغراض ومقاصد کو مد نظر رکھ کر فنڈنگ خرچ کرتی ہیں۔

مقررہ مدت کے مطابق چارٹر اکاؤنٹنٹ سے سالانہ آڈٹ کرواتی ہیں اور آڈٹ رپورٹ محکمہ کو فراہم کرتی ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب10 دسمبر2024)

لاہور:خواتین کی بہبود کے لیے شروع کیے گئے منصوبوں سے متعلق تفصیلات

*2157: محترمہ سنبل مالک حسین: کیاوزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ خواتین کی بہبود کے لئے موجودہ حکومت نے کچھ فلاحی منصوبے بنا رکھے ہیں؟

(ب) اگر جواب اثبات میں ہے تو اندرون شہر لاہور میں خواتین کے لئے اب تک کون کونسے منصوبے شروع کئے گئے ہیں۔

(ج) اندرون بھائی گیٹ، موچی گیٹ اور لوہاری گیٹ کے مختلف علاقوں میں خواتین کی بہبود کے لئے کونسے منصوبے کتنے فنڈ کے ساتھ شروع کئے گئے ہیں۔

(تاریخ وصولی 28 اکتوبر 2024 تاریخ ترسیل 26 نومبر 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف)۔ محکمہ سوشل ویلفیئر کے تحت خواتین کی بہبود کے لئے مندرجہ ذیل منصوبہ جات چل رہے ہیں:

۱۔ صنعت زار مری کا قیام

۲۔ خواتین تحفظ مراکز کا فیصل آباد، لاہور اور راولپنڈی میں قیام

۳۔ دھی رانی پروگرام / (اجتمائی شادیوں کا پروگرام)

(ب)۔ لاہور شہر میں خواتین تحفظ مرکز قائم کیا جارہاہے۔ جب کہ اندرون شہر میں فی الحال کوئی نیا منصوبہ نہ شروع کیا جارہاہے۔ تاہم اندرون شہر سے لاہور میں دھی رانی (اجتمائی شادیوں کا پروگرام) میں خواتین کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ اندرون بھاٹی گیٹ، موچی گیٹ اور لوہاری گیٹ سے کل

07 درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ جن کی تصدیق کا عمل جاری ہے اور منظوری کی صورت میں عنقریب شادیوں کی تقریبات کا انتظام کیا جائیگا اور ہر خاتون کو تقریباً 3 لاکھ 6 ہزار روپے کا پیکج دیا جائے گا۔

(ج)۔ محکمہ سماجی بہبود کے منصوبے ضلعی سطح پر قائم کئے جاتے ہیں۔ فی الحال اندرون بھاٹی گیٹ، موچی گیٹ اور لوہاری گیٹ سے کوئی نیا منصوبہ شروع نہ کیا گیا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 8 جنوری 2025)

جہلم: تحصیل دینہ و سوہاوہ میں مستحقین کو رقم کی تقسیم سے متعلق تفصیلات

*2163: سید رفعت محمود: کیا وزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) محکمہ بیت المال ضلع جہلم نے تحصیل دینہ اور تحصیل سوہاوہ خصوصا پی پی 24 میں سال یکم جنوری 2023 تا یکم اکتوبر 2024 تک کتنے مستحقین کو کتنی رقم تقسیم کی مکمل تفصیل سے آگاہ کریں؟

(ب) دی جانے والی رقم کس طریق کار کے تحت تقسیم کی گئی کتنی درخواستیں مستحقین کی وصول ہوئیں اور کتنے درخواست دہندہ کو مالی امداد نہ ملی تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 28 اکتوبر 2024 تاریخ ترسیل 26 نومبر 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) یکم جنوری 2023 تا یکم اکتوبر 2024 تک ضلعی بیت المال کمیٹی جہلم کی طرف سے پی پی 24 تحصیل دینہ اور سوہاوہ میں کل 22 مستحقین میں -/ 279500 کی رقم تقسیم کی گئی۔ تفصیل تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)یکم جنوری 2023 تا یکم اکتوبر 2024 تک ضلعی بیت المال کمیٹی جہلم کو آنلائن پورٹل پر مختلف مدات (مالی امداد، تعلیمی وظیفہ، شادی گرانٹ) میں پی پی 24 تحصیل دینہ اور سوہاوہ کے مستحقین کی طرف سے 51 درخواستیں موصول ہوئیں۔ جن میں سے 22 مستحقین کو امداد فراہم کی گئی جبکہ 29 درخواستیں کمیٹی فنکشنل نہ ہونے کی وجہ سے فی الحال زیر التوا ہیں۔ امید ہے جلد ہی کمیٹی قائم کر دی جائے گی اور ان درخواستوں پر بھی امداد دینے یا نہ دینے کا فیصلہ کر لیا جائے گا۔

(تاریخ وصولی جواب 8 جنوری 2025)

جہلم: پی پی 24 میں سماجی بہبود کے اداروں کی تعداد اور انچارج و ملازمین کی تعداد سے متعلق تفصیلات

*2164: سید رفعت محمود: کیا وزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع جہلم پی پی 24 میں سماجی بہبود کے زیر کنٹرول خواتین و حضرات کے کتنے ادارے کام کر رہے ہیں ہر ادارے میں خواتین و حضرات کی ترقی کے لیے کیا اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں مکمل تفصیل سے آگاہ کریں؟

(ب) ضلع جہلم میں سماجی بہبود کا انچارج کون کب سے اور کتنے عرصہ سے تعینات ہے اس کے ماتحت کتنے ملازمین ہیں ان کے گریڈ وائز مع عرصہ تعیناتی کی تفصیل بتائیں۔

(ج) حکومت نے سماجی بہبود ضلع جہلم کو سال 23-2022 اور 24-2023 میں کتنا بجٹ فراہم کیا اور کتنے اخراجات آئے۔

(د) حکومت اس ضلع میں خواتین کی بہتری کے لئے مزید کیا اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک، نہیں تو وجوہات سے آگاہ کریں۔

(تاریخ وصولی 28 اکتوبر 2024 تاریخ ترسیل 26 نومبر 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) ضلع جہلم میں پی پی 24 میں سماجی بہبود کا کوئی ادارہ کام نہ کر رہا ہے۔

(ب) خضر حیات خان بطور ڈپٹی ڈائریکٹر، سوشل ویلفیئر و بیت المال جہلم خدمات سر انجام دے رہے ہیں اور عرصہ تین ماہ سے ضلع جہلم میں تعینات ہیں۔(بقیہ تمام ملازمین کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) حکومت نے سماجی بہبود ضلع جہلم کو سال 23-2022 اور 24-2023 میں جو بجٹ فراہم کیا اس کے اخراجات کی تفصیل درج ذیل ہے:

سال	بجٹ برائے تنخواہ	اخراجات	بجٹ برائے دیگر ااخراجات	اخراجات
2022-23	55237920/-	347965976/-	14980004/-	13069028/-
2023-24	46605272/-	50187968/-	9355040/-	9354240/-

(د)۔فی الحال محکمہ سوشل ویلفیئر کے تحت اس ضلع میں دو ادارے کام کر رہے ہیں۔

ا۔ دارالامان ،۲۔ صنعت زار،

جن میں خواتین کی فلاح و بہبود کے لئے کام کیا جارہا ہے اور فی الحال مزید نئے ادارے بنانے کا ادارہ نہ رکھتی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 8 جنوری 2025)

منڈی بہاؤالدین میں محکمہ کے زیر انتظام اداروں سے متعلق تفصیلات

*2226: محترمہ زرناب شیر: کیا وزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع منڈی بہاؤالدین میں محکمہ سماجی بہبود و بیت المال کے زیر کنٹرول کتنے ادارے کام کر رہے ہیں؟

(ب) محکمہ سماجی بہبود جنسی تشدد کا شکار بچوں کی بحالی کے لیے کیا اقدامات اٹھا رہا ہے؟

(ج) بے گھر اور لاوارث افراد کے لیے اس ضلع میں کوئی ادارہ کام کر رہا ہے اگر ہے تو اس کی تفصیلات سے آگاہ کیا جائے؟

(تاریخ وصولی 31 اکتوبر 2024 تاریخ ترسیل 5 دسمبر 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) ضلع منڈی بہاؤالدین میں محکمہ سوشل ویلفیئر کے تحت دو ادارے کام کر رہے ہیں:

۱۔ دارالامان ، ۲۔ صنعت زار

(ب) محکمہ سماجی بہبود کے تحت ضلع منڈی بہاؤالدین میں کوئی ادارہ بچوں کی جنسی تشدد کا شکار بچوں کی بحالی کے لئے کام نہ کر رہا ہے۔ جبکہ یہ چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کے دائرہ کار میں آتا ہے اور اس کا جواب ان سے لیا جائے۔

(ج) محکمہ سوشل ویلفیئر کے تحت ضلع منڈی بہاؤالدین میں کوئی ایسا ادارہ کام نہیں کر رہا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 9 جنوری 2025)

لاہور محکمہ سوشل ویلفیئر کے تحت خواتین کے دستکاری سکولز کی تعداد سے متعلق تفصیلات

*2262: ڈاکٹر عائشہ جاوید: کیا وزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) محکمہ سوشل ویلفیئر کے تحت لاہور میں خواتین کے لیے کتنے دستکاری سکول کام کر رہے ہیں؟

(ب) گلشن راوی میں خواتین کے لیے کتنے دستکاری سکول ہیں ان میں کتنی بچیاں ٹریننگ لے رہی ہیں. کیا ان دستکاری سکولوں سے ڈپلومہ لینے والی خواتین کو روزگار دیا جاتا ہے۔

(تاریخ وصولی یکم نومبر 2024 تاریخ ترسیل 6 دسمبر 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) محکمہ سوشل ویلفیئر کے تحت ضلع لاہور میں خواتین کے دو دستکاری و وکیشنل ٹریننگ کے ادارے کام کر رہے ہیں۔ جو علامہ اقبال ٹاؤن اور ماڈل ٹاؤن میں واقع ہیں۔ اس کے علاوہ این جی اوز کے تحت 26 دستکاری سکول چل رہے ہیں۔ جس کی تفصیل تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) گلشن راوی میں خواتین کے لئے نائس ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام ایک دستکاری سکول کام کر رہا ہے۔ جس میں اس وقت 38 بچیاں تربیت حاصل کر رہی ہیں۔ بچیاں تربیت حاصل کر کے خود سے کام کر کے روزگار کما سکتی ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 8 جنوری 2025)

منڈی بہاؤالدین میں محکمہ بیت المال کی طرف سے مستحقین کو دی جانے والی رقم سے متعلق تفصیلات

*2313: محترمہ زرناب شیر: کیا وزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) محکمہ بیت المال ضلع منڈی بہاؤالدین میں یکم جنوری 2022 سے یکم اکتوبر 2024 تک کتنے مستحقین کو کتنی رقم تقسیم کی مکمل تفصیل سے آگاہ کریں؟

(ب) حلقہ پی پی 40 میں پچھلے تین سالوں میں اب تک کتنے مستحقین کو کتنی رقم تقسیم کی تفصیل سے آگاہ کریں۔

(ج) مستحقین کو دی جانے والی رقم کس طریق کار کے تحت تقسیم کی گئی کتنی درخواستیں مستحقین کی وصول ہوئیں اور کتنے درخواست دہندہ کو مالی امداد نہ ملی تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 12 نومبر 2024 تاریخ ترسیل 10 دسمبر 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) یکم جنوری 2022 سے یکم اکتوبر 2024 تک 275 مستحقین کو مبلغ -/3227734 روپے کی رقم تقسیم کی گئی۔

(ب) حلقہ پی پی 40 میں پچھلے تین سالوں میں اب تک 96 مستحقین کو -/ 868680 روپے کی رقم تقسیم کی گئی۔

(ج) موصول شدہ درخواستوں کی بذریعہ ممبران ضلعی بیت المال کمیٹی انکوائری کروائی گئی۔ اس کے بعد موجودہ فنڈ کے مطابق ضلعی بیت المال کمیٹی کی منظوری کے بعد بذریعہ چیک امدادی رقم تقسیم کی گئی۔ مستحقین کی 886 درخواستیں موصول ہوئیں جن میں سے 611 مستحقین کو امداد نہ دی گئی۔

<u>(تاریخ وصولی جواب 9 جنوری 2025)</u>

ٹوبہ ٹیک سنگھ تحصیل کمالیہ و پیر محل محکمہ سماجی بہبود کے بجٹ اور فلاحی منصوبہ جات سے متعلق تفصیلات

*2333: محترمہ آشفہ ریاض: کیا وزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) تحصیل کمالیہ اور پیر محل کے لئے مالی سال 25-2024 میں کتنی رقم محکمہ ہذا نے مختص کی ہے مد وائز تفصیل دی جائے۔

(ب) اس رقم سے کون کونسے فلاحی منصوبہ جات مکمل ہونگے ان کے نام مع تخمینہ لاگت سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 12 نومبر 2024 تاریخ ترسیل 10 دسمبر 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) تحصیل کمالیہ اور تحصیل پیر محل کے لیے مالی سال 25-2024 میں مختص بجٹ اور اخراجات کی تفصیل درج ذیل ہے:

سیریل نمبر	نام دفتر	بجٹ 25-2024
1	کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل کمالیہ	769000/-
2	کمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل پیر محل	800000/-

(ب) یہ رقم تحصیل دفاتر کو چلانے کے لئے جاری کی گئی۔ تاہم ترقیاتی فنڈز میں سے کوئی فنڈز ان دونوں تحصیلوں کے لئے مختص نہ تھے۔

(تاریخ وصولی جواب 9 جنوری 2025)

محکمہ سوشل ویلفیئر کے تحت معذوری کا سرٹیفیکیٹ جاری کرنے سے متعلق تفصیلات

*2396: محترمہ مہوش سلطانہ: کیا وزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) محکمہ سوشل ویلفیئر کے تحت جو Specially Abled لوگوں کے لئے جو معذوری کے سرٹیفیکیٹ بنائے جاتے ہیں اس کا طریق کار کیا ہے؟

(ب) اگر کسی تحصیل میں نیورو سرجن یا کوئی اور سپیشلائزڈ ڈاکٹر نہ ہو وہاں معذوری سرٹیفیکیٹ کیسے بنائے جاتے ہیں۔

(تاریخ وصولی 15 نومبر 2024 تاریخ ترسیل 18 دسمبر 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) معذور افراد معذوری سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے ویب سائٹ http://dpmis.gov.punjab.pk پر جاکر آن لائن اپنے کوائف درج کر کے بورڈ کی تاریخ حاصل کر سکتے ہیں جس کے بعد وہ متعلقہ تحصیل، ضلع کے معذوری بورڈ کے سامنے پیش ہوں گے اور پھر مکمل طبی معائنے کے بعد ان کو معذوری کا سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا۔

(ب) اگر کسی تحصیل میں نیورو سرجن یا کوئی اور سپیشلائزڈ ڈاکٹر نہ ہو تو ایسی صورت میں متعلقہ ڈاکٹر معذوری کا کیس متعلقہ ضلع کے ڈسٹرکٹ اسسمنٹ بورڈ کو ریفر کر دیتا ہے۔ ڈسٹرکٹ اسسمنٹ بورڈ متعلقہ شخص کے طبی معائنے کے بعد اس کے معذور ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ کرتی ہے اور معذور ہونے کی صورت میں معذوری کا سرٹیفکیٹ جاری کرنے کے احکامات جاری کرتی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 9 جنوری 2025)

ساؤتھ پنجاب میں محکمہ سماجی بہبود کا سال 25-2024 کے بجٹ سے متعلق تفصیلات

*2409: جناب محمد ندیم قریشی: کیا وزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ساؤتھ پنجاب کے لیے کتنی رقم محکمہ سماجی بہبود کے لیے مالی سال 25-2024 میں رکھی گئی ہے اور مالی سال 24-2023 میں کتنی رقم رکھی گئی تھی کتنی خرچ ہوئی اور کتنی Lapse ہوئی۔

(ب) مالی سال 25-2024 میں کتنی رقم جاری کر دی گئی ہے اور کتنی بقایا ہے بقایا رقم کب تک فراہم کی جائے۔

(ج) اس وقت ساؤتھ پنجاب میں کتنی رقم سے کون کون سے فلاحی کام کہاں کہاں ہو رہے ہیں۔

(تاریخ وصولی 15 نومبر 2024 تاریخ ترسیل 18 دسمبر 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف) ساؤتھ پنجاب میں محکمہ سوشل ویلفیئر کے تحت مالی سال 24-2023 اور 25-2024 میں ترقیاتی بجٹ کی تفصیل درج ذیل ہے:

2024-25		2023-24	
خرچہ (دسمبر 2024)	بجٹ	خرچہ	بجٹ
113.360(M)	398.301(M)	209.856(M)	292.827(M)

25-2024 میں 82.971 ملین روپے خرچ نہ ہو سکے تھے۔

(ب) 25-2024 میں ساؤتھ پنجاب میں (M) 398.301 بجٹ مختص کیا گیا ہے اور ساری رقم جاری کر دی گئی ہے۔

(ج) اس وقت مندرجہ ذیل ترقیاتی فلاحی منصوبہ جات چل رہے ہیں:

1۔ پناہ گاہ ملتان کا قیام

2۔ مرمتی و توسیعتی کام برائے منشیاتی بحالی مرکز ملتان

3۔ نشیمن ملتان کا قیام (معذور افراد کی تربیت کا ادارہ)

4۔ نشیمن ڈی.جی خان کا قیام

5۔ پناہ گاہ ڈی.جی خان کا قیام

6۔ مرمتی کام برائے دارالامان، صنعت زار اور پاک مکتب ڈی.جی خان

7۔ یتیم اور مسکین بچوں کے ادارے میں توسیع

8۔ پناہ گاہ بہاولپور کا قیام

9۔ نامکمل سہولیات کی فراہمی، وہاڑی، ملتان، خانیوال، مظفر گڑھ، راجن پور اور بہاولپور۔

10۔اپ گریڈیشن صنعت زار برائے مظفر گڑھ،وہاڑی اور رحیم یار خان

(تاریخ وصولی جواب 17 جنوری 2025)

راولپنڈی ڈویژن میں سماجی بہبود کے ادارے اور بجٹ سے متعلق تفصیلات

*2420: محترمہ نرگس فیض ملک: کیاوزیر سماجی بہبود و بیت المال ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)راولپنڈی ڈویژن میں محکمہ سماجی بہبود کے کون کون سے ادارے کہاں کہاں چل رہے ہیں؟

(ب)ان کے لئے کتنا فنڈ مالی سال 25-2024 میں مختص کیا ہے مد وائز تفصیل دی جائے۔

(ج) کیااس فنڈ سے کوئی نیا ادارہ یا فلاحی منصوبہ شروع کیا جائے گا۔

(د)اس ڈویژن میں خواتین بچوں اور بزرگوں کے لئے کہاں کہاں پناہ گاہیں، قائم کی گئی ہیں۔

(ہ)ان میں کتنے بچے، بچیاں اور بزرگ خواتین حضرات مقیم ہیں ان کی تفصیل علیحدہ علیحدہ دی جائے۔

(و)ان پناہ گاہوں میں کون کونسی سہولیات ان کو میسر کی جارہی ہیں سہولیات کی تفصیل دی جائے۔

(ز) کیاان سہولیات کے بارے میں کسی نے چیکنگ کی ہے کہ کیاسہولیات فراہم کی جارہی ہیں یاپھر فرضی کاغذوں تک محدود ہیں۔

(تاریخ وصولی 19 نومبر 2024 تاریخ ترسیل 18 دسمبر 2024)

جواب

وزیر سماجی بہبود و بیت المال

(الف)راولپنڈی ڈویژن میں محکمہ سماجی بہبود کے تحت کل 14 ادارے کام کررہے ہیں جن کی لسٹ ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)ان اداروں کے لئے مالی سال 25-2024 میں کل 62.471 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ جنکی مدوائز تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)ترقیاتی فنڈز کی مد میں راولپنڈی ڈویژن کے لئے کل(M)145.723 کے فنڈز مختص کئے گئے ہیں۔ ان فنڈز سے اٹک میں یتیم اور مسکین بچوں کے لئے چلڈرن ہوم، جبکہ راولپنڈی میں پناہ گاہ اور خواتین تحفظ مرکز جیسے نئے ادارے قائم کئے جارہے ہیں۔

(د)خواتین اور بچوں سے متعلقہ اداروں کی تفصیل تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ہ)ان اداروں میں رہائش بچوں اور بزرگوں کی تفصیل تتمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(و)ان اداروں میں رہائشی افراد کو رہائش، کھانا پینا، تفریحی اور دیگر سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔ مزید براں بچوں کے اداروں کے رہائشی بچوں کے لئے تعلیم کی سہولیات بھی فراہم کی جاتی ہیں۔

(ہ) محکمہ تمام اداروں کی سہولیات کی چیکنگ کا ایک مربوط نظام ہے۔ ضلعی سطح پر محکمہ کے ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویژن کی سطح پر ڈائریکٹر جبکہ صوبائی سطح پر وقتاً فوقتاً ڈائریکٹر جنرل، سیکرٹری اور وزیر سماجی بہبود ان سہولیات کو چیک کرتے رہتے ہیں۔ مزید براں چلڈرن ہوم اور عافیت کی چیکنگ کے لئے PITB کی معاونت سے ڈیش بورڈ بھی بنادئے گئے ہیں۔

<u>(تاریخ وصولی جواب 17 جنوری 2025)</u>

لاہور　　　　　　　　　　　　چودھری عامر حبیب

مورخہ 20 جنوری 2025　　　　　　　　سیکرٹری جنرل

بروز منگل 21 جنوری 2025 کو محکمہ سماجی بہبود و بیت المال کے سوالات وجوابات کی فہرست اور نام اراکین اسمبلی

نمبر شمار	نام رکن اسمبلی	سوالات نمبر
1	جناب امجد علی جاوید	165-157
2	محترمہ حناء پرویز بٹ	303-173
3	محترمہ آشفہ ریاض	2333-439
4	محترمہ نیلم جبار چوہدری	533
5	جناب محمد ندیم قریشی	2409-1041
6	جناب فیلبوس کرسٹوفر	1371
7	محترمہ شازیہ عابد	1414-1413
8	جناب محمد نعیم صفدر	1592
9	جناب اسد عباس	1623
10	سردار محمد اویس دریشک	2092-2091
11	محترمہ سنبل مالک حسین	2157
12	سید رفعت محمود	2164-2163

13	محترمہ زرناب شیر	2313-2226
14	ڈاکٹر عائشہ جاوید	2262
15	محترمہ مہوش سلطانہ	2396
16	محترمہ نرگس فیض ملک	2420